3 مئی 2019ء

اسٹیٹ بینک نے رمضان المبارک کے لیے دفتری اوقاتِ کار کا اعلان کر دیا

ماہ رمضان المبارک 1440 ہجری کے دوران بینک دولت پاکستان میں درج ذیل دفتری اوقات پر عمل کیا جائے گا، جس کی پیروی تمام بینک، ترقیاتی مالی ادارے اور مائکرو فنانس بینک بھی کریں گے:

پیر تا جمعرات صبح 10 بجے سے 4 بجے سہ پہر تک، جس میں 2 بجے سے سوا2 بجے تک نماز کا وقفہ ہو گا۔ جبکہ جمعے کو دفتری اوقات 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک ہوں گے، جس میں کوئی وقفہ نہیں ہو گا۔

تاہم مزید ہدایت کی جاتی ہے کہ عوام سے لین دین کے لیے درج ذیل کاروباری (بینکنگ) اوقات پر عمل کیا جائے گا:

پیر تا جمعرات صبح 10 بجے سے 2 بجے دوپہر تک، جس میں کوئی وقفہ نہیں ہو گا۔ جبکہ جمعے کو عوام سے لین دین (بینکنگ) کے اوقات 9 بجے سے دوپہر ایک بجے تک ہوں گے، جس میں کوئی وقفہ نہیں ہو گا۔

رمضان المبارک کے بعد مذکورہ اوقاتِ کار قبل از رمضان کے اوقات میں خود بخود تبدیل ہو جائیں گے۔

****